دوسرا گروپ	دہم، گوجرانوالہ بورڈ، 2025ء	اُردو (لازمی)
کل نمبر: 60	(انشائیہ طرز)	وقت: 2.10 گھنٹے

(حصہ اوّل)

-2 درج ذیل اشعار میں حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو کی تشریح کیجیے۔ 10

(حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اس کی حکمرانی — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی

(ii) ہے کوئی، ہنگامہ تیری تُربتِ خاموش میں — پل رہی ہے ایک قومِ تازہ اس آغوش میں

(iii) مرے بنے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی — کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

(iv) گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں — انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

(حصہ غزل)

(v) کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(vi) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

(vii) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(حصہ دوم)

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 5,5

(الف) پطرس اور تاج نے بھی مرزا صاحب سے اکتسابِ علم کیا۔ بعد میں پطرس خود انگریزی کے پروفیسر ہو گئے تھے، مگر اپنی غیر معمولی قابلیت و ذہانت کے باوجود مرزا صاحب کی علمیت کے آگے اپنے آپ کو ہیچ سمجھتے تھے۔ میں نے بارہا پطرس کو مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتے دیکھا ہے۔ پطرس کو میں نے کسی اور کا اتنا ادب و احترام کرتے نہیں دیکھا، یہاں تک کہ وائسرائے ہند کا بھی۔

(ب) سنا ہے، اپریل میں جاوید چند مہینوں کے لیے ولایت سے لاہور آئے گا۔ جب وہ چھوٹا سا تھا، ہر وقت میرے ساتھ ساتھ رہتا تھا۔ اللہ کے کرم سے اب بڑا ہوشیار ہو گیا ہے۔ جب اس کی والدہ کا انتقال ہوا تو وہ اور منیرہ بی بی بہت کم عمر تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے نرس کے لیے اشتہار دیا۔ بے شمار جواب آئے۔ ایک بی بی نے تو یہ لکھ دیا کہ ڈاکٹر صاحب کے ساتھ شادی کرنے کے لیے بھی تیار ہے۔

-4 درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

(i) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

(ii) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(iii) ٹیپو پورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

(iv) مرزا غالب کی دو کتابوں کے نام لکھیے۔

(v) ادا جعفری کا اصل نام کیا ہے اور وہ کہاں پیدا ہوئیں؟

(vi) نظم ''مال گودام روڈ'' کے شاعر کا کیا نام ہے اور یہ نظم اُن کے کس مجموعہ کلام میں شامل ہے؟

(vii) کون سی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(viii) نظم ''حمد'' میں شاعر کے مطابق انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) نظریۂ پاکستان (ب) نام دیو مالی

-6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) اطاعتِ والدین (ب) سیر و سیاحت: تفریح بھی، تعلیم بھی

(ج) تندرستی ہزار نعمت ہے

-7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں۔

سوالات:

(i) اسلام سے پہلے تمام قومی سلسلے اور تمام قومی رشتے کس سے تعلق رکھتے تھے؟

(ii) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(iii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

www.ilmkidunya.com